صفحات: ۳۸۸

قیمت: ۲۵۰

تبصرہ نگار: سید عزیز الرحمٰن

گونسٹن ویرژیل گیورگیو ایک دانشور کی حیثیت سے شہرت رکھتے ہیں، اور رومانیہ کے وزیر خارجہ کی حیثیت سے کافی متعارف رہے ہیں۔ یہ ۱۵رستمبر۱۹۱۴ء کو رومانیہ میں پیدا ہوئے۔ چوں کہ رومانیہ ایک طویل عرصے تک اسلامی ریاست رہا ہے، اس لئے ان کی توجہ مطالعہ اسلام کی طرف مبذول ہوئی اور انہیں تاریخ اسلام کا مطالعہ سیرت طیبہ کی وادی میں لے آیا، جس کے نتیجے میں انہوں نے اپنی یہ کتاب تحریر کی۔ یہ ان کی آخری کتاب قرار دی جاتی ہے۔

کتاب کا اسلوب مورخانہ ہے، اور مولف نے کتاب کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایام طفولیت سے شروع کر کے وفات پر ختم کیا ہے۔ اور عام غیر مسلم مولفین کے برعکس کتاب میں تاریخی اغلاط اور غلط بیانیوں کا تناسب بھی نہ ہونے کے برابر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس کتاب کو مسلمانوں میں خاصی پذیرائی حاصل ہوئی، اور اس کا اردو ترجمہ بھی بہت عرصہ پہلے سامنے آ گیا تھا، جس کا نیا ایڈیشن حال میں شائع ہوا ہے، جو مولانا عبدالصمد صارم کے قلم سے ہے، جو پختہ کار مترجم کی حیثیت سے متعارف ہیں۔

کتاب کی پیش کش میں سلیقے کا ثبوت دیا گیا ہے۔

نام مجلّہ: ماہنامہ تعمیر افکار۔ سیرت نمبر

صفحات: ۶۴۰

قیمت: ۳۲۰روپے

مدیر اعلیٰ: ڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری

مدیر: سید عزیز الرحمٰن

تبصرہ نگار: مولانا محمد وسیم راؤ۔ کراچی

ماہنامہ تعمیر افکار کا یہ تیسرا خاص نمبر ہے جو سیرت رسول نمبر کے طور پر سامنے آیا ہے۔ اس سے قبل پروفیسر سید محمد سلیم اور علامہ محمد طاسین کے حوالے سے دو معیاری نمبر بھی شائع ہو چکے ہیں۔ جن کو علمی و ادبی حلقوں میں قدر کی نگاہ سے دیکھا گیا ہے۔

موجودہ سیرت نمبر آٹھ ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول کے دو مضامین خصوصاً اہمیت کے حامل ہیں